***13-03-2024***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ محمد عمار

---

**Music**

---

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یکساں سول کوڈ اتراکھنڈ بل 2024 کو منظوری دے دی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وکست بھارت کا ہدف سماج کے محروم طبقوں کی ترقی کے بغیر حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے پی ایم سورج پورٹل کا آغاز کیا اور ایک لاکھ چھوٹے کاروباریوں کے لیے امدادی قرض کی منظوری دی۔

☆ حکومت نے دلی میٹرو کے چوتھے مرحلے کے پروجیکٹ کے تحت دو نئی راہداریوں کو منظوری دی ہے۔

☆ ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی نے اسمبلی میں اعتماد کا ووٹ حاصل کر لیا ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

***Uttarakhand UCC***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یونیفارم سول کوڈ-UCC- اتراکھنڈ بل-2024 کو اپنی منظوری دے دی ہے۔ اس بل کے نفاذ کے ساتھ ہی اتراکھنڈ، آزادی کے بعد UCC نافذ کرنے والی ملک کی پہلی ریاست بن جائے گی۔ اس بل میں کثیر ازدواجی، ایک عورت کے ذریعہ کئی شوہر رکھنے، حلالہ، عدت اور طلاق جیسے رواجوں پر توجہ مرکوز کی گئی

ہے اور جائیداد سے متعلق حقوق، شادی کیلئے برابری کی عمر اور وراثت کے مساوی حقوق کو یقینی بنایا گیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پیغام میں، وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے صدر جمہوریہ کی جانب سے UCC بل کو منظوری ملنے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ x

### President Maurititus Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اپنا تین روزہ سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد ماریشس سے روانہ ہوگئی ہیں۔ اُن کے اس دورے کے آخری دن ماریشس کی قومی اسمبلی میں وفد سطح کے مذاکرات منعقد کیے گئے۔ اس مذاکرات میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور ماریشس کے وزیراعظم پروِیند کمار Jaugnuth نے شرکت کی۔ اِس کے بعد دو طرفہ تعلقات اور باہمی اشتراک و تعاون کو مستحکم کرنے کے لیے چار مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔ ×

### PM Suraj

وزیراعظم نریندرمودی نے آج پردھان منتری ساماجک اُتھان ایوَم روزگار آدھارِت جن کلیان' پی ایم سورج کے قومی پورٹل کا آغاز کیا اور ملک کے محروم طبقات کے ایک لاکھ چھوٹے کاروباریوں کیلئے قرض کی سہولت کو منظوری دی۔

انہوں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے، سماج کے محروم طبقات سے تعلق رکھنے والے متعدد سرکاری اسکیموں کے مستفیدین کے ساتھ بات چیت کی۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وکست بھارت کا ہدف محروم طبقات کی ترقی کے بغیر حاصل نہیں کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مفت راشن، مفت علاج، پکے مکانات، بیت الخلاء اور اجولا گیس کنکشن جیسی سرکاری اسکیموں کے سب سے بڑے مستفیدین محروم طبقات سے تعلق رکھتے ہیں یا حاشیے پر رہنے والے لوگ ہیں۔

S/B - 2100 PM On Sefty Kit and Ayushman Card

پی ایم سورج قومی پورٹل ایک انقلابی تبدیلی لانے والی پہل ہے جس کا مقصد سماج کے سب سے محروم طبقوں کو اوپر اٹھانا ہے۔

اِس سے پہلے آج دن میں وزیراعظم مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ایک اعشاریہ دو پانچ لاکھ کروڑ روپے مالیت کے سیمی کنڈکٹر کے تین پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان پروجیکٹوں میں گجرات کے دھولیرا خصوصی سرمایہ کاری خطے میں ملک کا پہلا کمرشیئل سیمی کنڈکٹر فیب، آسام کے موری گاؤں میں آؤٹ سورس سیمی کنڈکٹر اسمبلی اینڈ ٹیسٹ فیسلیٹی اور گجرات کے Sanand میں آؤٹ سورسڈ سیمی کنڈکٹر اسمبلی اینڈ ٹیسٹ فیسلیٹی شامل ہیں۔ ×

### LJP BJP

BJP نے آج آنے والے لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنے 72 امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی۔ مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر، ہماچل پردیش میں ہمیر پور پارلیمانی حلقے سے چناؤ لڑیں گے جبکہ نتن گڈکری ناگپور سیٹ سے اور پیوش گوئل مہاراشٹر میں ممبئی نارتھ سے امیدوار بنائے گئے ہیں۔ ہریانہ کے سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال کھٹر، ہریانہ میں کرنال سیٹ سے چناؤ لڑیں گے اور مرکزی وزیر کشن پال گوجر فرید آباد پارلیمانی حلقے سے انتخابی میدان میں اتریں گے۔

اس فہرست میں مہاراشٹر اور کرناٹک سے بیس-بیس سیٹوں کیلئے، ہریانہ اور تیلنگانہ سے چھ- چھ سیٹوں کیلئے اور گجرات میں سات سیٹوں کیلئے، مدھیہ پردیش میں پانچ اور دلّی، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ سے دو- دو سیٹوں کیلئے جبکہ تریپورہ اور دادرا اور نگر حویلی سے ایک- ایک سیٹ کیلئے امیدواروں کے نام شامل ہیں۔ x

### BJP Arunchal List

بھارتیہ جنتا پارٹی BJP نے آج اروناچل پردیش میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کے لیے اپنے سبھی 60 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ پارٹی کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے پیر کو بی جے پی صدر جے پی نڈا کی صدارت میں ہوئی ایک میٹنگ میں امیدواروں کی فہرست کو منظوری دی تھی۔ منظور شدہ فہرست کے مطابق، وزیراعلیٰ Pema-Khandu ، ریاست کی Mukto سیٹ سے چناؤ لڑیں گے جبکہ ریاستی بی جے پی صدر Biyu ram واگھے، Pakke Kessang سیٹ سے اور نائب وزیراعلیٰ Chowna- Mein چوکھم حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔ قابل ذکر ہے یہ کھانڈو وزارت میں تین موجودہ وزیروں کو اس فہرست میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔x

### J&K EC

بھارت کے اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے انعقاد کیلئے کمیشن تشویش کا شکار ہے، لیکن فوری طور سے دو انتخابات کے انعقاد کا حتمی فیصلہ سکیورٹی ایجنسیوں اور سیاسی پارٹیوں سے صلاح و مشورہ کے بعد لیا جائے گا۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ CEC کو جموں کشمیر میں لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے انعقاد کیلئے تشویش لاحق ہے البتہ بغیر کسی تاخیر کے انتخابات جلد ہی منعقد کرائے جائیں گے۔ x

### Coal PM Gati Shakti

کوئلہ کے وزیر پرہلاد جوشی نے آج نئی دلّی میں کوئلہ سیکٹر کیلئے پی ایم گتی شکتی کے قومی ماسٹر پلان کو جاری کیا ہے۔ اس پلان کا مقصد پی ایم گتی شکتی کی وزارت کے مرکزی پورٹل پر دستیاب جغرافیائی تہوں کے ذریعہ کوئلہ سیکٹر میں گہری بصیرت فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب جوشی نے کہا کہ یہ قدم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل در آمد کے ہمارے طریقۂ کار میں ایک اہم تبدیلی کی نشاندہی کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک پلیٹ فارم پر مبنی جامع جغرافیائی معلوماتی نظام GIS، لوگوں، سامان اور خدمات کی نقل و حرکت کیلئے ہم آہنگی کی منصوبہ بندی کو آسان بنانے میں کئی وزارتوں کو ایک ساتھ جمع کر دیتا ہے۔

انھوں نے کہا کہ معاشی نمو اور ترقی کو آگے بڑھانے میں جانکاری، ٹیکنالوجی اور اختراع کو بروئے کار لانے کا موقع فراہم کرتا ہے، کوئلے کی وزارت کے سکریٹری اور امرت لال مینا نے کہا کہ پی ایم گتی شکتی کا اعلامیہ کوئلہ سیکٹر کے اندر سرگرمیوں کی منصوبہ بندی اور عمل در آمد کیلئے تمام فریقوں کو اہم معلومات کے ذریعے با اختیار بناتا ہے۔ x

### Heavy Industry EMNPS

بھاری صنعتوں کے وزیر مہیندر ناتھ پانڈے نے آج نئی دلی میں الیکٹرک موبیلیٹی کو فروغ دینے کی اسکیم 2024 کا آغاز کیا۔ اِس چار مہینے کی خصوصی اسکیم کے تحت حکومت نے دوپہیہ اور تین پہیہ والی گاڑیوں کی خریداری میں مدد فراہم کرنے کے لیے پانچ سو کروڑ روپے مختص کیے ہیں۔

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب پانڈے نے کہا کہ یہ ترغیباتی اسکیم کاربن کے صفر اخراج اور الیکٹرک موبیلیٹی کے ہدف کو فروغ دے گی۔ x

### NHAI Fastag Users

قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی NHAI نے Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والے افراد کے لیے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ 15 مارچ سے پہلے دوسرے بینک کے فاسٹیگ کی طرف منتقل ہو جائیں۔ Paytm پیمنٹس بینک پر پابندی سے متعلق ریزرو بینک آف انڈیا کے جاری کردہ رہنما خطوط کے مطابق Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والے افراد اِس مہینے کی 15 تاریخ کے بعد اپنا کارڈ ریچارج نہیں کرسکیں گے، اسی طرح وہ اپنا بیلینس ٹاپ اپ نہیں کرسکیں گے۔x

### Thakur Parsar Bharati

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے آج نئی دلّی میں پرسار بھارتی کی خبروں کو مشترک کرنے کی ایک سروس پی بی شبد کا آغاز کیا۔ پی بی شبد ، پرسار بھارتی - نشریات کی تشہیر کے لیے مشترکہ آڈیو ویژول کا مخفف ہے۔

جناب ٹھاکر نے آکاشوانی نیوز اور ڈی ڈی نیوز کی نئی ویب سائٹس اور AIR موبائل ایپ پر تازہ ترین خبروں کا بھی آغاز کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب ٹھاکر نے کہا کہ شبد سروس ایک تعارفی پیشکش کے طور پر پہلے سال کے لیے مفت فراہم کی جا رہی ہے۔ یہ سروس 50 زمرے میں ملک کی تمام بڑی زبانوں میں خبریں فراہم کرے گی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ نیوز آن AIR ایپ میں پرسنلائزڈ نیوز فیڈس، تازہ طرین خبروں کے لیے نوٹیفکیشن، ملٹی میڈیا مواد، بروقت کرورتج کے لیے لائیو اسٹریمینگ، لوکیشن پر مبنی خبروں کی ترسیل اور طاقتور سرچ کا عمل جیسے بہت سے نئے فیچرس ہوں گے۔x

## ***Cabinet***

حکومت نے دلّی میٹرو کے چوتھے مرحلے کے تحت دو کوریڈورز کی منظوری دے دی ہے۔ آج نئی دلّی میں کابینہ میٹنگ کے بعد، میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، اطلاعات و نشریات کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہا کہ دو کوریڈورز کے اِس پروجیکٹ پر کُل 8 ہزار 400 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی، جس کیلئے حکومت ہند، قومی راجدھانی خطے دلّی کی سرکار اور بین الاقوامی فنڈنگ ایجنسیاں، فنڈس فراہم کریں گی۔ انھوں نے کہا کہ لاجپت نگر- ساکیت جی بلاک میٹرو لائن 8 اعشاریہ تین کلو میٹر طویل ہوگی اور اس میں آٹھ اسٹیشن ہوں گے۔ یہ لائن سلور، میجنٹا، پنک اور Violet لائنوں کو جوڑے گی۔

جناب ٹھاکر نے کہا کہ دلّی میٹرو کی 12 کلو میٹر طویل، اندر لوک- اندر پرستھ میٹرو لائن، گرین لائن کی ایک توسیع ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ اس میں دس اسٹیشن ہوں گے اور یہ ریڈ، یلو، میجنٹا، Violet، بلیو اور ایئر پورٹ ایکسپریس لائنوں کے ساتھ انٹرچینج فراہم کرے گی۔ x

## ***Haryana Govt.***

ہریانہ میں، نئے منتخب وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی کی قیادت والی BJP حکومت نے آج سہ پہر اسمبلی کے ایک خصوصی اجلاس میں زبانی ووٹنگ سے اعتماد کا ووٹ حاصل کرلیا ہے۔ جناب سینی نے ریاست کے وزیر اعلیٰ کا عہدہ کا حلف لینے کے محض ایک دن بعد اعتماد کا ووٹ حاصل کیا ہے۔ کروکشیتر سے لوک سبھا کے رکن پارلیمنٹ جناب سینی نے کل ہریانہ میں سینئر BJP لیڈر منوہر لال کھٹر کی جگہ عہد سنبھالنے کیلئے حکومت سازی کا دعویٰ کرنے کی غرض سے

گورنر بندارو دتّا تریہ سے ملاقات کی تھی۔

اس دوران ہریانہ کے سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال کھٹر آج کرنال سیٹ سے ایک لیجسلیٹر کے طور پر مستعفی ہوگئے ہیں۔ انھوں نے ہریانہ آسمبلی کے خصوصی اجلاس کے دوران اپنے استعفے کا اعلان کیا۔ x

### Maha Cabinet

مہاراشٹر کابینہ نے احمد نگر ضلع کا نام بدل کر اہلیا نگر کرنے کو اپنی منظوری دے دی ہے۔ ریاستی کابینہ نے ممبئی میں نو آبادیاتی ناموں والے آٹھ مضافاتی ریلوے اسٹیشنوں کے نام بدلنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ ان میں Curry روڈ اسٹیشن شامل ہے جسے اب لال باغ کہا جائے گا، Sandhurst روڈ اسٹیشن کو اب ڈونگری کر دیا گیا ہے جبکہ میرین لائنز کا نام بدل کر مُمبا دیوی اور چَرنی روڈ کا نام بدل کر گرگاؤں کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کاٹن گرین اسٹیشن اب کالا چوک اور Dockyard اسٹیشن مزگاؤں کہلائے گا، جبکہ کنگس سرکل کا نام تیرتھنکر پارسو ناتھ اور ممبئی سینٹر کا نام بدل کر جگن ناتھ شنکر شیٹھ کر دیا گیا ہے۔ x

### India Italy Defence Committee

بھارت اور اٹلی کی مشترکہ دفاعی کمیٹی کی دسویں میٹنگ آج نئی دلی میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں نے دفاعی، صنعتی اور فوجی تعاون کے وسیع تر امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقوں نے بھارت-بحرالکاہل اور سکیورٹی کے صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دفاع کے سکریٹری Gridhar Aramane اور اٹلی کے دفاع کے سکریٹری جنرل اور نیشنل آرمامینٹ کے ڈائریکٹر، لیفٹیننٹ جنرل Luciano Portolano نے اِس میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔ اس میٹنگ کا محور دفاعی اور صنعتی تعاون کو بڑھانا تھا۔ بھارت اور اٹلی نے گذشتہ سال اکتوبر میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اٹلی کے دورے کے دوران دفاعی تعاون کے ایک معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ میٹنگ کے دوران دونوں فریقوں نے دونوں ملکوں کی دفاعی کمپنیوں کو بھارت میں مشترکہ پیداوار کرنے سمیت مشترکہ منصوبوں کے لیے ایک ساتھ لانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دفاع کے سکریٹری نے اٹلی کی دفاعی کمپنیوں کی عالمی سپلائی کے سلسلے میں بھارتی وینڈرز کو شامل کرنے کی تجویز پیش کی تاکہ دونوں فریقوں کو اس کی قدر و قیمت حاصل ہو سکے اور سپلائی چین کو بہتر بنایا جا سکے۔ x

### Bangladeshi Ship Hijacked

صومالی قزاقوں نے ایک بنگلہ دیشی پرچم بردار کارگو جہاز جہاز MV Abdullah، جس پر کوئلہ اور عملہ کے

23 افراد سوار تھے، کو صومالیہ کے ساحل کے نزدیک بحرِ ہند میں اغوا کر لیا ہے۔ یہ جہاز موزمبیق کے Maputo بندرگاہ سے دوبئی جا رہا تھا۔ یہ دوسری بار ہے، جب صومالی قزاقوں نے بنگلہ دیشی پرچم بردار جہاز کا اغوا کیا ہے۔ MV عبداللہ، SR Shipping لائنز کمپنی کی ملکیت ہے جو Chattogram کی کبیر اسٹیل اینڈ Rerolling Mill گروپ KSRM کی ایک ذیلی کمپنی ہے۔ KSRM کے میڈیا صلاح کار میزان الاسلام نے کہا ہے کہ قزاقوں نے عملے کے تمام افراد کو یرغمال بنا رکھا ہے۔

انھوں نے بتایا ہے کہ منگل کے روز دن میں ڈیڑھ بجے کپتان نے ایک مختصر پیغام بھیج کر انھیں اطلاع دی کہ قزاقوں نے جہاز کو بحر ہند میں اغوا کرلیا ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ قزاقوں نے اب تک ان سے مطالبے یا تاوان کے بارے میں کوئی رابطہ نہیں کیا ہے۔ بنگلہ دیش جہاز رانی محکمے کے اہلکاروں نے بتایا ہے کہ وزارت خارجہ نے جہاز اور اس پر سوار عملے افراد کی رہائی میں تعاون کیلئے کئی بین الاقوامی تنظیموں اور سفارتخانے سے رابطہ کیا ہے۔ x

## Bhutan PM India

بھوٹان کے وزیراعظم Dasho Tshering Tobgay کل سے بھارت کے پانچ روزہ دورے پر رہیں گے۔ اِس سال جنوری میں وزیراعظم کے عہدے پر فائز ہونے کا بعد یہ اُن کا پہلا غیرملکی دورہ ہوگا۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اپنے دورے کے دوران بھوٹان کے وزیراعظمؑ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے اور وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان دوستانہ رشتے ہیں جو اعتماد، اشتراک اور باہمی سمجھ بوجھ پر مبنی ہیں۔ بھوٹان کے وزیراعظم کا یہ دورہ دونوں ملکوں کو اپنی منفرد شراکت داری کا جائزہ لینے اور بھارت اور بھوٹان کے درمیان اشتراک کو مزید وسعت دینے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرے گا۔

بھوٹان کے وزیراعظم کے ہمراہ وہاں کی حکومت کے سینئرعہدیداران اور مختلف وزارتوں کی سرکردہ شخصیات بھی ہوں گی۔

## EU-GAZA

یوروپی یونین کے چیف Joseph Borrel نے کہا ہے کہ غزہ میں غذائی قلت کو جنگ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ انھوں نے غزہ میں امداد کی فراہمی میں کمی کو ایسی آفت قرار دیا ہے جس کو انسان نے ہی پیدا کیا ہے۔

نیو یارک میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے جناب Borrel نے کہا غزہ میں ضروری

زمینی راستے نہ ملنے کی وجہ سے وہاں انسانی بحران پیدا ہوگیا ہے۔

اقوام متحدہ نے خبردار کیا تھا کہ غزہ میں کم از کم پانچ لاکھ 76 ہزار لوگ شدید غذائی قلت کے حالات سے دوچار ہیں۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق پچھلے دو ہفتے میں کم سے کم 27 لوگ، جن میں زیادہ تر بچے ہیں، کھانے اور پینے کے پانی کی شدید قلت کے سبب مرچکے ہیں۔

اس دوران اسرائیل کے وزیر اعظم نتن یاہو نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ اسرائیل مصر کی سرحد سے قریب واقع رفح میں فوجی مہم کے منصوبے کے ساتھ پیش قدمی کرے گا۔x

☆☆☆☆☆